Prime Minister participates in the first Outreach Session of G7 Summit

June 12, 2021

سربراہ کانفرنس کے پہلے آؤٹ ریچ 7وزیراعظم نے جی اجلاس میں حصہ لیا

12 جون، 2021

نئی دہلی:12جون،2021-وزیراعظم جناب نریندر مودی نےآج جی7 سربراہ کانفرنس کے پہلے آؤٹ ریچ اجلاس میں حصہ لیا۔

’بلڈنگ بیک اسٹرونگر-ہیلتھ‘ کےموضوع پر یہ اجلاس کورونا وائرس وبا سے عالمی سطح پر نجات پانے اور مستقبل کے وبائی امراض کے خلاف اہم نقطہ نظر کو مضبوط بنانے پر مرکوز تھا۔

اجلاس کے دوران وزیراعظم نے بھارت میں کووڈ انفیکشن کی حالیہ لہر کے دوران جی7 اور دیگر مہمان ملکوں کے ذریعے دی گئی حمایت کی تعریف کی۔

انہوں نے وبا سے لڑنے کی سمت میں حکومت ،صنعت اور سول سوسائٹی کی تمام سطح کی کوششوں کے تال میل کے ساتھ بھارت کے مکمل معاشرے کے طریقہ کار کو اجاگر کیا۔

انہوں نے رابطے میں آنے والے افراد کا پتہ لگانے اور ٹیکے کے بندوبست کیلئے اوپن سورس ڈیجیٹل ٹولس کے بھارت کےکامیاب استعمال کے بارے میں بھی جانکاری دی اور دیگر ترقی پذیر ملکوں کے ساتھ اپنے تجربات اور مہارت کو ساجھا کرنے کی بھارت کی خواہش سے واقف کرایا۔

وزیراعظم نے عالمی صحت گورننس کو بہتر کرنےکیلئے اجتماعی کوششوں کیلئے بھارت کے تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے کووڈ سے متعلق ٹیکنالوجیز پر ٹی آر آئی پی ایس چھوٹ کیلئے بھارت اور جنوبی افریقہ کے ذریعے ڈبلیو ٹی او میں مجوزہ تجاویز پر جی7 کی حمایت مانگی۔

وزیراعظم نے کہا کہ آج کی میٹنگ سے پوری دنیا کیلئے ’’ایک کرۂ ارض ایک صحت‘‘ کا پیغام جاناچاہئے۔ مستقبل کی وباؤں کو روکنے کیلئے عالمی اتحاد ، قیادت اور یکجہتی کی اپیل کرتےہوئے وزیراعظم نے اس سلسلے میں جمہوری اور شفاف معاشرے کی خصوصی ذمہ داری پر زور دیا۔

وزیراعظم کل جی7 سربراہ کانفرنس کے آخری دن دواجلاسوں سے خطاب کریں گے۔

نئی دہلی

12 جون، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.